کل نمبر:25 — اُردو (چہارم) ٹیسٹ نمبر 1 — وقت:25 منٹ

چوتھا مہینا، چوتھا ہفتہ، چھٹا دن	**سلیبس:**	ماہانا ٹیسٹ

سوال نمبر 1: درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔ (12)

1۔ اِعراب کو مدِّنظر رکھتے ہوئے دُرست تلفظ کی نشان دہی کریں:

(الف)	تنگ دَست	(ب)	تِنگ دَست	(ج)	تِنگ دِست	(د)	تُنگ دُست

2۔ دیے ہوئے الفاظ میں سے ضمیر کی نشان دہی کریں:

(الف)	تمھارا	(ب)	چلا	(ج)	پھول	(د)	برتن

3۔ ''لو ہشیار ہو جاؤ اور ______ کھولو'' مصرع مکمل کریں۔

(الف)	آنکھ	(ب)	دل	(ج)	دماغ	(د)	زبان

4۔ مشرکینِ مکہ آپ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہٖ واصحابہٖ وسلم کو کس طرح کی تکلیفیں دیتے تھے؟

(الف)	پتھر مارتے	(ب)	راستے میں کانٹے بچھاتے
(ج)	نماز پڑھتے وقت اُونٹ کی اوجھری پھینکتے	(د)	تمام دُرست

5۔ دیے ہوئے الفاظ میں سے مؤنث کی نشان دہی کریں:

(الف)	آواز	(ب)	آسمان	(ج)	موسم	(د)	پانی

6۔ بادشاہ کا خزانہ محل کے کس حصّے میں تھا؟

(الف)	مہمان خانے میں	(ب)	باغ میں	(ج)	تہ خانے میں	(د)	کمرے میں

7۔ الف بائی ترتیب کی دُرست فہرست ہے:

(الف)	بہادر، حدیث، دماغ	(ب)	بہادر، دماغ، حدیث	(ج)	دماغ، بہادر، حدیث	(د)	حدیث، دماغ، بہادر

8۔ ''غل مچانا'' کا مطلب ہے:

(الف)	شور کرنا	(ب)	چھپانا	(ج)	خاموش رہنا	(د)	الف، ب دونوں

9۔ حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا نبی کریم خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہٖ واصحابہٖ وسلم کے ساتھ رشتہ تھا:

(الف)	خالہ زاد	(ب)	ماموں زاد	(ج)	چچا زاد	(د)	پھوپھو زاد

☆ **مندرجہ ذیل عبارت پڑھ کر سوالات نمبر 11،10 اور 12 کے جوابات دیں۔**

صبح سویرے دروازے پر دستک ہوئی۔ زیبا نے دروازہ کھولا۔ سامنے کھڑی لڑکی نے پہلے سلام کیا پھر کہنے لگی: میرا نام جمیلہ ہے۔ ہم لوگ رات کو سامنے والے گھر میں آئے ہیں۔ میں آپ کی امّی سے ملنا چاہتی ہوں۔

زیبا جمیلہ کو اپنی امی کے پاس لے گئی۔

زیبا کی امّی نے جمیلہ کو خوش آمدید کہا، پھر کہنے لگیں: آپ لوگ نئے آئے ہیں اگر کسی چیز کی ضرورت ہو تو بتائیں۔

جمیلہ نے کہا: جی، چچی! میں اسی سلسلے میں آئی ہوں۔ ہمارا پورا سامان ابھی نہیں پہنچا، ہمیں کچھ برتن چاہییں۔

زیبا کی امّی نے اسے برتن دیے۔ جب وہ جانے لگی تو کہا: بیٹی! اپنی امی کو بتائیں کہ آج کا ناشتا ہم تیار کر کے دیں گے۔

10۔ درج بالا عبارت کس سبق سے لی گئی ہے؟

(الف)	زیبا کے پڑوسی	(ب)	جب ہر چیز سونے کی بن گئی
(ج)	نیا کمپیوٹر	(د)	آتے ہیں جو کام دوسروں کے

11۔ جمیلہ کیا مانگنے آئی تھی؟

(الف)	کپڑے	(ب)	برتن	(ج)	پیسے	(د)	کھانا

12۔ جمیلہ زیبا کی تھی:

(الف)	دوست	(ب)	بہن	(ج)	پڑوسی	(د)	رشتہ دار

حصہ دوم

(7)

سوال نمبر 1: ''ورزش کے فائدے'' کے عنوان پر مضمون لکھیں۔

یا

سوال نمبر 2: ''رحمت و شفقت'' کے عنوان پر کہانی لکھیں۔

حصہ سوم

(6)

سوال نمبر 1: بُری صحبت سے بچنے کی تلقین کرنے کے لیے چھوٹے بھائی کے نام خط لکھیں۔

یا

سوال نمبر 2: پرنسپل کے نام سکول چھوڑنے کا سرٹیفکیٹ لینے کے لیے درخواست لکھیں۔